## ایم کیوایم پاکستان کومضبوط ومستحکم بنانے اورعوام کے بنیادی مسائل کاحل رکھتی ہے،الطاف حسین

## حقوق سے محروم محبّ وطن پاکستانی جو پاکستان کو بچانا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہو جائیں

## پنجاب کے ذمہ داران پنجاب کنونشن کے انعقاد کیلئے بھرپور تیاریاں شروع کردیں

## ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوان کے بنیادی حقوق سے محروم کررکھا ہے

## پنجاب ہاؤس میں ایم کیوایم لاہورزون کے نومنتخب ذمہ داران سے ٹیلی فون پر بات چیت

لندن۔۔۔15،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہاہے کہ ایم کیوایم ،واحد جماعت ہے جو پاکستان کومضبوط ومستحکم بنانے اورعوام کے بنیادی مسائل کاحل رکھتی ہے ۔انہوں نے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ پنجاب کنونشن کے انعقاد کیلئے بھرپور تیاریاں شروع کردیں۔ یہ بات انہوں نے جمعرات کے روز ایم کیوایم پنجاب ہاؤس میں ایم کیوایم لاہورزون کے نومنتخب ذمہ داران سے ٹیلی فون پر بات چیت کرتے ہوئے کہی۔اس موقع پر رابطہ کمیٹی کے رکن افتخار اکبر رندھاوا،ایم کیوایم لاہورزون کے زونل آرگنائزر رانا یونس اورلاہورزون کے دیگر ذمہ داران نے جناب الطاف حسین کو پنجاب کے چاروں زونوں میں تنظیم نو کی تکمیل، پنجاب کے مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی شخصیات کی ایم کیوایم میں شمولیت اورتنظیمی امور کی تفصیلات سے آگاہ کیااورانہیں مبارکباد بھی پیش کی۔ ذمہ داران سے گفتگو کرتے ہوئے جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کی بقاءوسلامتی کوشدید خطرات لاحق ہیں اورملک انتہائی نازک دور سے گزررہا ہے۔وقت کا تقاضا ہے کہ حقوق سے محروم محبّ وطن پاکستانی جو پاکستان کو بچانا چاہتے ہیں وہ ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوجائیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم ، پاکستان بنانے والوں کی اولادوں کی جماعت ہےاورانشاءاللہ ایم کیوایم ہی پاکستان کو بچائے گی۔انہوں نے مزید کہا کہ ایم کیوایم ، پاکستان کی واحد جماعت ہے جو پاکستان کومضبوط ومستحکم بنانے اورعوام کے بنیادی مسائل کاحل رکھتی ہے۔اگر ایم کیوایم کووفاق میں اقتدارکا موقع ملاتو ہم کراچی کی طرح پورے پاکستان میں ایسے ترقیاتی کام کرکے دکھائیں گے کہ پوری دنیا دیکھے گی۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم شروع دن سے ہی ملک بھر کے غریب، محکوم،محروم اورمظلوم عوام کی خوشحالی اوران کے حقوق کے حصول کامشن لیکر چل رہی ہے اورآج تک اسی مشن پر گامزن ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک وقوم پر مسلط فرسودہ جاگیردارانہ نظام نے غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوان کے بنیادی حقوق سے محروم کررکھا ہے،جب تک پاکستان سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ نہیں ہوگااورملک میں غریب ومتوسط طبقہ کی قیادت کا انقلاب نہیں آئے گا98فیصد غریب ومتوسط طبقہ کےعوام کوان کے جائز حقوق نہیں مل سکتے۔جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایک سازشی منصوبہ کے تحت صوبہ پنجاب میں ایم کیوایم کے خلاف منفی پروپیگنڈہ کرکے پنجاب کے غریب اورسادہ لوح عوام کے ذہنوں کوخراب کیا گیا تاکہ انہیں ایم کیوایم سے دورکیا جاسکے۔مگرجھوٹ زیادہ دیرتک نہیں رہتااورآج پنجاب کےغریب ومظلوم عوام کی بڑی تعداداپنے الطاف حسین بھائی کے ساتھ ہےاوران کےفکروفلسفہ کوعام کررہی ہے۔جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم پنجاب کے تمام ذمہ داران کو ہدایت کی کہ وہ پنجاب کنونشن کے انعقاد کیلئے بھرپور تیاریاں شروع کردیں اور مایوس ہوئے بغیر ہمت وحوصلہ سے کام کرتے رہیں انشاءاللہ فتح حق پرستوں کا مقدرثابت ہوگی۔انہوں نے پنجاب میں محنت ولگن اورعزم وحوصلے سے کام کرنے پرتمام ذمہ داران کوشاباش اورزبردست خراج تحسین بھی پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زادبہن طویل علالت کے بعد انتقال کرگئیں

کراچی۔۔۔15،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین کی خالہ زادبہن اقبال جہاں بیگم زوجہ عبدالستارانصاری طویل علالت کے باعث آج شام 7 بجے کراچی میں انتقال کرگئیں۔ مرحومہ کی عمرتقریباً65سال تھی اورکافی عرصے سے علیل تھیں۔گزشتہ روزان کی حالت اچانک خراب ہوگئی اورڈاکٹروں کی تمام کوششوں کے باوجودوہ جانبرنہ ہوسکیں اورخالق حقیقی سے جاملیں۔مرحومہ نے سوگواران میں ایک بیٹااورتین بیٹیاں چھوڑی ہیں۔مرحومہ اقبال جہاں بیگم کا جنازہ مورخہ 16/جنوری بروز ہفتہ بعدنمازظہر مکان نمبر R-451 بلاک 8عزیزآباد سے اٹھایا جائے گااورتدفین کورنگی نمبر1 قبرستان میں ہوگی۔

## بلوچ عوام ہمارے بھائی ہیں، بلوچوں سے ہمارا کبھی کوئی تصادم نہ تھا، نہ ہے اور نہ ہوگا۔ الطاف حسین
## بعض عناصر کی جانب سے لیاری کے جرائم پیشہ افراد کے معاملہ کو بلوچ عوام کا مسئلہ بنایا جارہا ہے اور
## ایم کیوایم اور بلوچ عوام کو آپس میں لڑانے کی سازش کی جارہی ہے
## سازشوں سے بلوچ عوام کو بیوقوف نہیں بنایا جاسکتا کیونکہ وہ خوب سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم بلوچ عوام کی سچی ہمدرد جماعت ہے
## مظلوم، مظلوم سے کیسے لڑسکتا ہے۔ ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے ٹیلیفون پر گفتگو

لندن۔۔۔15 جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کہا ہے کہ بلوچ عوام ہمارے بھائی ہیں، بلوچوں سے ہمارا کبھی کوئی تصادم نہ تھا، نہ ہے اور نہ ہوگا۔ انہوں نے یہ بات آج ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شہوانی سے ٹیلیفون پر گفتگو کرتے ہوئے کہی۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ایم کیوایم نے لیاری کے بڑے جرائم پیشہ افراد کے خلاف کارروائی کی بات کی تھی لیکن یہ امر افسوسناک ہے کہ بعض عناصر کی جانب سے لیاری کے جرائم پیشہ افراد کے معاملہ کو بلوچ عوام کا مسئلہ بنایا جارہا ہے اور ایم کیوایم اور بلوچ عوام کو آپس میں لڑانے کی سازش کی جارہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے واضح اور دوٹوک الفاظ میں کہا کہ بلوچ عوام ہمارے بھائی ہیں، بلوچوں سے ہمارا کبھی کوئی تصادم نہ تھا، نہ ہے اور نہ کبھی ہوگا کیونکہ مظلوم، مظلوم سے کیسے لڑسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم تو بلوچوں کے حق میں سب سے آگے بڑھ کر بات کرنے والی جماعت ہے، ایم کیوایم نے بلوچ عوام کے حقوق کیلئے اور بلوچ عوام کے ساتھ ہونے والی زیادتیوں کے خلاف ہمیشہ نہ صرف آواز اٹھائی ہے بلکہ وہ بلوچ عوام کے حقوق کی جدوجہد میں انکے شانہ بشانہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ مظلوم عوام کو آپس میں لڑانے اور محروم ومظلوم بلوچ عوام کو ایم کیوایم سے متنفر کرنے کی بہت بڑی سازش ہے تاکہ بلوچ عوام جو ایم کیوایم میں تیزی سے شامل ہورہے انہیں ایم کیوایم سے دور رکھا جاسکے۔ جناب الطاف حسین نے کہا کہ ان سازشوں سے عام پڑھے لکھے بلوچ عوام کو بیوقوف نہیں بنایا جاسکتا کیونکہ وہ خوب سمجھتے ہیں کہ ایم کیوایم بلوچ عوام کی سچی ہمدرد جماعت ہے اور وہ ہمیشہ بلوچ عوام کے حقوق کیلئے آواز اٹھاتی رہی ہے۔ جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم بلوچستان کے کارکنان سے کہا کہ وہ اس سازش کو سمجھیں، کسی بھی قیمت پر مایوس نہ ہوں اور ثابت قدمی ومستقل مزاجی سے تحریک کا پیغام پھیلاتے رہیں۔ انہوں نے تنظیمی کام کو مزید آگے بڑھانے اور بڑی تعداد میں سیاسی کارکنوں اور بلوچ عوام کی ایم کیوایم میں شمولیت پر ایم کیوایم بلوچستان کے آرگنائزر یوسف شاہوانی اور بلوچستان کے تمام ذمہ داروں اور کارکنوں کو مبارکباد اور خراج تحسین پیش کیا۔

## ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر اظہار افسوس

لندن۔۔۔15، جنوری2010ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ اقبال جہاں بیگم کی مغفرت فرمائے، انہیں جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

## الطاف حسین سے کی خالہ بہن اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر رابطہ کمیٹی اور شعبہ جات کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔15، جنوری2010ء۔۔۔ متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین سے ان کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ ایک بیان میں رابطہ کمیٹی قائد تحریک الطاف حسین سمیت مرحومہ کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کے تمام ونگز وشعبہ جات کے ارکان نے بھی جناب الطاف حسین سے ان کی خالہ زاد بہن اقبال جہاں بیگم کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے اور دعا کی ہے کہ اللہ تعالیٰ مرحومہ کی مغفرت فرمائے اور تمام لواحقین کو صبر جمیل عطا کرے۔ علاوہ ازیں مرحومہ کے انتقال کی اطلاع ملتے ہی ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان اور حق پرست منتخب عوامی نمائندے عزیز آباد میں مرحومہ کی رہائشگاہ پہنچ گئے اور سوگوار اہل خانہ سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کی مغفرت، درجات کی بلندی اور سوگواران صبر جمیل کیلئے دعائیں کیں۔

## رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ نے سانحہ یوم عاشورہ میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان کی رہائشگاہوں پر جاکر عیادت کی
## جناب الطاف حسین کی جانب سے زخمی کارکنان کی مالی امداد کی، کارکنان کا الطاف حسین سے اظہار تشکر

کراچی۔۔۔15،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن توصیف خانزادہ سانحہ یوم عاشورہ کراچی میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے کارکنان کے گھروں پر گئے اور قائدتحریک الطاف حسین کی جانب سے ان کی عیادت کی اور خیریت دریافت کی۔انہوں نے ایم کیوایم شاہ فیصل کالونی سیکٹر یونٹ B-103 کے کارکن شوکت حسین، یونٹ 108 کے کارکنان شاکر علی، فرقان، طاہر عباس اور ایم کیوایم شاہ فیصل سیکٹر یونٹ 104 کے کارکن طارق محمود کی عیادت کی اور جناب الطاف حسین کی جانب سے زخمیوں کی مالی امداد کی اس موقع پر کارکنان نے جناب الطاف حسین سے دلی تشکر کا اظہار کیا اوران کی درازی عمر اور صحت وتندرستی کیلئے دعا کی۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی تنظیمی کمیٹی کے رکن سیف الدین خالد،حق پرست رکن سندھ اسمبلی نشاء ضیاء،حق پرست ٹاؤن ناظم ارتضیٰ فاروقی ورسیکٹر ویونٹس کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔

## شیر پاؤ کالونی لانڈھی سے دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کی لوٹ مار کا فی الفور نوٹس لیا جائے، ارکان صوبائی اسمبلی

کراچی۔۔۔15،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے حقیقی دہشت گردوں اور دیگر جرائم پیشہ عناصر کی جانب سے لانڈھی بابر مارکیٹ اور اطراف کی دکانوں میں کھلے عام ڈکیتوں اور لوٹ مار کی وارداتوں کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ گزشتہ روز لانڈھی بابر مارکیٹ کے تاجروں اور اہل محلّہ نے ڈکیتوں اور لوٹ مار کی مسلسل ہونے والی وارداتوں کے خلاف نہ صرف احتجاج بلکہ دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کارروائی میں مجرمانہ غفلت کا مظاہرہ کرنے پر اپنے شدید ردعمل کا اظہار کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ لانڈھی شیر پاؤ کالونی سے حقیقی دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کی ڈکیتوں اور لوٹ مار کی کھلے عام وارداتیں پرامن تاجروں اور اہل علاقہ کیلئے تشویش کا باعث بنی ہوئی ہیں جس کا ازالہ کرنا حکومت کی بنیادی ذمہ داری ہے۔حق پرست ارکان صوبائی اسمبلی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیرداخلہ رحمٰن ملک اور وزیراعلیٰ سندھ قائم علی شاہ سے مطالبہ کیا کہ شیر پاؤ کالونی لانڈھی سے جاری دہشت گردوں اور جرائم پیشہ عناصر کی لوٹ مار کا فی الفور نوٹس لیا جائے اوران کے خلاف سخت ترین کارروائی کرکے دکانداروں، تاجروں اور اہل علاقہ کو تحفظ فراہم کیا جائے۔

## ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد اور لیاقت آباد سیکٹرز کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔15،جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم نارتھ ناظم آباد سیکٹر یونٹ A-134 کے جوائنٹ یونٹ انچارج طارق محمود کی ہمشیرہ محترمہ شہناز اور ایم کیوایم لیاقت آباد سیکٹر یونٹ 166 کے کارکن محمد کامران بیگ کی ہمشیرہ محترمہ رضوانہ سلیم بیگ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## ایم کیوایم ملک سے مہنگائی، بے روزگاری اور کرپشن کا خاتمہ کرکے انصاف پر مبنی نظام قائم کرنا چاہتی ہے
## جاگیردارانہ کلچر پاکستان کی ترقی اور خوشحالی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے، رابطہ کمیٹی کی لاہور میں پریس کانفرنس

لاہور۔۔۔(اسٹاف رپورٹر)

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا ہے کہ ایم کیوایم ملک سے مہنگائی، بے روزگاری اور کرپشن کا خاتمہ کرکے انصاف پر مبنی نظام قائم کرنا چاہتی ہے اور دہشتگردی کے عفریت سے پاکستان کے عوام کو نجات دلانا چاہتی ہے۔انہوں نے کہا کہ عام پاکستانی چاہے وہ سندھ، پنجاب، سرحد، بلوچستان اور آزاد کشمیر یا گلگت بلتستان کا رہنے والا سب پاکستانیوں کے مسائل ایک جیسے ہیں، پانی بجلی، آٹا، چینی، مہنگائی اور بے روزگاری کے بحران سے 98 فیصد عام پاکستانیوں کو واسطہ پڑ رہا ہے۔انہوں نے کہا کہ ملک پر قابض

2فیصد استحصالی طبقہ نے ملک کے 98فیصد مظلوم ومحکوم عوام کو زبان، رنگ، نسل، ذات، برادری، مذہبی فرقوں اور علاقہ کی بنیاد پر تقسیم کر رکھا ہے۔انہوں نے کہا کہ موجودہ نازک حالات میں پاکستان کے محبِّ وطن عوام کو پاکستان بچانے کے لئے اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ان خیالات اظہار ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے افتخار اکبر رندھاوا، ڈاکٹر علی حسین چوہدری، سیف یار خان نے لاہور پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کے دوران کیا۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو غریب متوسط طبقے کے لوگوں کو منتخب کروا کر ایوانوں تک پہنچا رہی اس کے برعکس دیگر سیاسی جماعتیں جاگیردار یا وڈیرہ فیملی یا کسی بڑے سیاسی گھرانے میں جنم لینے والوں کو اپنے ٹکٹ پر ایوانوں تک پہنچا رہی ہیں ۔انہوں نے کہا کہ ملک میں غیر منصفانہ سیاسی کلچر کی بنیادی وجہ سے پاکستان میں راج فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ، سردارانہ نظام ہے جس نے ملک میں جاگیردارانہ کلچر کو جنم دیا۔انہوں نے کہا کہ جاگیردارانہ کلچر میں ملک کے 98فیصد عوام کی کوئی حیثیت نہیں، فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام پاکستان کی ترقی اور اس کے عوام کی خوشحالی کے راستے میں سب سے بڑی رکاوٹ ہے جس کی وجہ سے ہمارے ملک میں آج تک جمہوریت پروانہ نہیں چڑھ سکی اور نہ ہی پاکستان کے عوام کو آزادی کے 62برس گزر جانے کے باوجود بنیادی حقوق ہی مل سکے۔رابطہ کمیٹی کے ارکان نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک کی واحد سیاسی جماعت ہے جو غریب اور متوسط طبقے کے افراد پر مشتمل ہے اور ملک کے 98فیصد غریب متوسط طبقے کے محروم ومظلوم عوام کے حقوق کے لئے جدوجہد کر رہی ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم نے اپنی مسلسل، طویل اور پرامن جدوجہد کے ذریعے ملک کی سیاست میں ایک انقلاب برپا کیا ہے۔انہوں نے کہا کہ ہم قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی پر یقین رکھتے ہوئے ہر قسم کی دہشتگردی اور مذہبی انتہاء پسندی کیخلاف ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ ملک میں مذہبی رواداری کے فروغ کیلئے کوشاں ہے۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی حق پرستانہ اور پرامن جدوجہد کے بنیادی مقاصد ملک کے اقتدار ووسائل پر سے چند خاندانوں کے قبضہ کا خاتمہ، جاگیردارانہ، وڈیرانہ نظام کی تبدیلی، اختیارات کی نچلی سطح تک منتقلی اور صوبوں کے لئے بھرپور صوبائی خودمختاری کا حصول ہیں۔انہوں نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ چاہتی ہے کہ ریاست اور اقتدار کے ڈھانچے میں عام شہریوں کی بھرپور اور موثر شرکت اور شمولیت ہوتا کہ معاشی اور سماجی طور پر ملک کے محروم ومظلوم عوام کو آزادانہ اور منصفانہ ماحول میں یکساں مواقع میسر آسکیں اور وہ بہتر زندگی گزار سکیں۔انہوں نے کہا کہ ہمیں یقین ہے کہ ملک کے محروم ومظلوم عوام کے حقوق کیلئے پنجاب کے غیور عوام ایم کیوایم کی حمایت کریں گے۔آخر میں رابطہ کمیٹی کے ارکان لاہور ریزیڈنٹس کمیٹی (LRC) کے ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔انہوں نے صحافیوں سے کہا کہ لاہور و پنجاب کے صحافی پنجاب اور ملک بھر میں قائد تحریک الطاف حسین کے فکر وفلسفے اور پیغام حق پرستی کو پھیلانے میں اہم کردار ادا کرتے رہیں گے۔

## قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرست تحریک کا آغاز نظریئے کی سچائی کی بنیاد پر کیا، چیئرمین اے پی ایم ایس او وحید الزماں حیدرآباد میں جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب

حیدرآباد۔۔۔15جنوری2010ء

متحدہ قومی موومنٹ نظریاتی تحریک ہے جو معاشرتی برائیوں اور ظلم وستم کے خلاف عملی جدوجہد کر رہی ہے قائد تحریک جناب الطاف حسین نے حق پرستی کی اس تحریک کا آغاز نظریئے کی سچائی کی بنیاد پر رکھا۔ یہ بات آل پاکستان متحدہ اسٹوڈینٹس آرگنائزیشن کے چیئرمین وحید الزماں نے حیدرآباد سیکٹر میں اے پی ایم ایس او کے جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ جنرل ورکرز اجلاس میں مرکزی جوائنٹ سیکرٹری ارشاد احمد سمیت حیدرآباد سیکٹر آرگنائزر شبیر علی بابر و جوائنٹ سیکٹر آرگنائزر حسنات احمد کے علاوہ سیکٹر کمیٹی کے ارکان و یونٹس کمیٹیز کے ذمہ داران وکارکنان بھی موجود تھے۔انہوں نے کہا کہ آج کے جنرل ورکرز جلاس کا مقصد طالب علم ذمہ داران وکارکنان کو تحریک و تنظیمی فکر فراہم کرنا ہے تاکہ تحریک میں شامل ہونے والے نئے طلبہ وطالبات کو قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریہ سے آگاہ کر سکیں اور تعلیمی اداروں سے دہرے طبقاتی تعلیمی نظام کے خاتمے کیلئے اپنی عملی جدوجہد کو آگے بڑھا سکیں۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تعلیمات ہمیں مساوات کا درس دیتی ہیں ایسے میں ذمہ داران وکارکنان کو مختلف تعلیمی شعبوں میں اعلیٰ تعلیم حاصل کرنی ہوگی۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کارکنان پر یہ بھروسہ کیا ہوا ہے کہ ملک کا مستقبل باشعور نوجوان طلبہ کے ہاتھ میں ہے لہٰذا ہمیں اور آپ کو قائد تحریک کی رہنمائی میں ملک کی تقدیر کو بدلنا ہوگا اور ملک کی بقاء وترقی میں اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔ جنرل ورکرز اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ایم ایس او کے سینئر وائس چیئرمین ندیم احمد خان نے کارکنان سے خطاب کرتے ہوئے اے پی ایم ایس او کی کارکردگی اور اغراض ومقاصد پر روشنی ڈالی اور کارکنان کو زور دیا کہ وہ تحریک کے کاموں کو آگے بڑھانے کیلئے اپنا کردار ادا کریں۔

☆☆☆☆☆